2017 (A)

رول نمبر ______________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )　　　گروپ ۔ پہلا

وقت = 2.10 گھنٹے　　　**حصہ انشائیہ**　　　کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔　　10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) کلیاں دل کی کھل جائیں گی، باد صبا اٹھلائے گی　　فصل بہار ہے آنے والی، دیکھتے ہیں آثار ہمیں

(ii) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا　　کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(iii) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی　　غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iv) مرے بیٹے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی　　کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

"حصہ غزل"

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت　　ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

(vi) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا　　آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے　　یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ **درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔**　　10 = 5 + 5

(الف) یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں ہیں: ایک وہ جو مغربی مفکرین نے قائم کی ہے۔ دوسری وہ جو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قائم کی ہوئی ہے۔ اہل مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا، وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ عالمانہ الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔

4۔ **درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔**　　10 = 5 x 2

(i) نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟
(ii) مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟
(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
(iv) مصنف سجاد حیدر یلدرم پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟
(v) لڑکی کیوں سفر کر رہی تھی؟
(vi) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟
(vii) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟
(viii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

5۔ **درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔**　　5

(الف) نکلنٹو　　(ب) استنبول

6۔ **کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔**　　15

(i) تندرستی ہزار نعمت ہے۔　　(ii) چائے کی ایک دعوت　　(iii) سیلاب

7۔ **درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔**　　10 = 5 x 2

مسلمانوں کے ایک ہزار سالہ دور اقتدار میں ہندو اور مسلمان ساتھ ساتھ رہے۔ انہوں نے ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندوؤں کی بعض رسمیں مسلمانوں میں رائج ہوئیں اور بعض اسلامی تصورات ہندوؤں میں مقبول ہوئے لیکن ہندو اور مسلمان آپس میں جذب ہو کر ایک معاشرہ نہ بن سکے۔ ہندو مسلمان عموماً الگ الگ محلوں میں رہتے تھے۔ ہندو معاشرہ ذات پات کے بندھنوں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس لیے ہندو نہ تو آپس میں متحد ہوتے تھے نہ مسلمانوں کی طرف خلوص دل سے ہاتھ بڑھاتے تھے۔ اگرچہ مسلمان اور ہندو دونوں قومیں ایک خطہ ارض میں رہتی تھیں لیکن مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں کے معاشرتی اور مذہبی تعصبات پختہ ہوتے گئے۔ باہمی میل جول اور یگانگت کا خاصا فقدان رہا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی یہ الگ الگ حیثیت پورے اسلامی دور میں نمایاں رہی۔ اس صورت حال کو پاکستان کی مخصوص اصطلاح میں دو قومی نظریہ کہتے ہیں۔

**سوالات:۔** (۱) ہندو معاشرہ آپس میں متحد کیوں نہ ہو سکا؟　　(۲) مسلمانوں نے ہندوؤں پر کتنے عرصے تک حکومت کی؟

(۳) ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کیسے رہے؟　　(۴) ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک ساتھ رہ کر ایک دوسرے سے کیا کچھ سیکھا؟

(۵) دو قومی نظریہ کیا ہے؟

eduvision.edu.pk

**PAPER CODE NUMBER: 9021**

2017 (A)

رول نمبر ____________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ - پہلا

وقت = 20 منٹ **حصہ معروضی** کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں۔
(A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

(2) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا۔
(A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

(3) شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔
(A) سلیم پور (B) دلی (C) جے پور (D) شاہ پور

(4) لڑکی نے قلی کو رقم دی۔
(A) اٹھنی (B) ایک روپیا (C) پانچ کا نوٹ (D) دس روپے

(5) چغل خور کام جانتا تھا۔
(A) لکڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا (D) کھیتی باڑی کا

(6) سبق " نام دیو مالی " کتاب سے لیا گیا ہے۔
(A) چند ہم عصر (B) مقدمات عبدالحق (C) خطبات عبدالحق (D) بزم خوش نفساں

(7) دوسرے خط کے مطابق مرزا غالب کو کتابیں موصول ہوئیں۔
(A) بیس (B) تینتیس (C) تیس (D) تینتالیس

(8) ؎ صحن چمن کی مٹی کو ہم اپنے ______ سے سینچیں گے۔
(A) دریا (B) تالاب (C) خون (D) جوہڑ

(9) مُشتر کے گھر میں آیا ہے۔
(A) ہوا کا جھونکا (B) خوش کن پیغام (C) پیام بہار (D) ایک اور اونٹ

(10) شاعر حسرت موہانی نے رہنما ٹھہرایا ہے۔
(A) وصلِ محبوب کو (B) محبوب کی تمنا کو (C) واعظ کی نصیحت کو (D) غمِ روزگار کو

(11) " قائدِ اعظم " گرامر میں ہے۔
(A) کنیت (B) عرف (C) خطاب (D) لقب

(12) " پیالی " گرامر میں ہے۔
(A) اسم صوت (B) اسم مصغر (C) اسم مکبر (D) اسم مصدر

(13) " ڈاک خانہ " گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) ظرفِ زماں (B) ظرفِ مکاں (C) اسم مصدر (D) مصدر لازم

(14) درست تلفظ والا لفظ ہے۔
(A) مَحَبَّتْ (B) مُحَبَّتْ (C) مَحَبَتْ (D) مُحَبَتْ

(15) " جسم " کا درست تلفظ ہے۔
(A) جِسَمْ (B) جَسْمْ (C) جِسْمْ (D) جَسَمْ



eduvision.edu.pk

رول نمبر ______________

2017 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ ـ دوسرا

وقت = 2.10 گھنٹے — حصہ انشائیہ — کل نمبر = 60

### حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

" حصہ نظم "

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

(ii) وہ لُو، وہ آفتاب کی حدت، وہ تابٔ و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

(iii) جن کی تابانی میں اندازِ کُہن بھی، نو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پَر تو بھی ہے

(iv) جُھٹ پٹے کا نرم رَو دریا، شفق کا اضطراب — کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

" حصہ غزل "

(v) سلسلہ فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بوئے سَمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) اگر ہم نے نظریۂ پاکستان کو پیشِ نظر رکھا اور اپنی سیرت و کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں بھی ہمیں امتیاز حاصل ہوگا اور ہم اسلامی اصولوں کی روشنی میں پاکستان کو توانا، مستحکم، شان دار اور پُر عظمت بنانے میں پوری طرح کامیاب ہوں گے۔

(ب) استنبول یا قسطنطنیہ کی ایک بہت بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اسے مساجد کا شہر کہا جاتا ہے، جہاں عثمانی عہد کا طرزِ تعمیر اپنی پوری شان و شوکت کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ یوں تو پورے شہر میں تقریباً پانچ سو مساجد ہیں لیکن اسلامی فنِ تعمیر کا اعلیٰ نمونہ سلیمانیہ مسجد ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا محمد سعید کا رویہ کیسا تھا؟

(ii) اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(iii) ایک سیماکے سامنے بھیڑ و دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

(iv) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(v) اسلام کیسے صُلح و آشتی کا مذہب ہے؟

(vi) نظم " مال گودام روڈ " کے حوالے سے بتائیں کہ سڑک پر جتے جانا پڑے، اُس کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(vii) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(viii) کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ (ii) حُبِ وطن (iii) برسات کا موسم

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفر نامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعہ سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:۔ (۱) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

(۲) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

(۳) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(۴) طالب علم کے لیے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

(۵) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔



eduvision.edu.pk

PAPER CODE NUMBER: 9026

2017 (A)

رول نمبر ____________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II ( جماعت دہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) گروپ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

### حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) شاعر نے " لذت افزائے شورِ طفلی " میں ____ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ (A) بادل (B) ستارے (C) عیدالفطر کا چاند (D) نمازِ عیدالفطر

(2) شاکر صاحب مصنف کو لے گئے۔ (A) سلیم پور (B) دلی (C) جے پور (D) شاہ پور

(3) چغل خور کام جانتا تھا۔ (A) لکڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا (D) کھیتی باڑی کا

(4) بندوق اور قلم کی بحث و تکرار میں فتح ہوئی۔ (A) بندوق کو (B) اچھے سلوک کو (C) قلم کو (D) طاقت کو

(5) زمین پر خلقِ خدا ترس رہی تھی۔ (A) پانی کو (B) آبِ خنک کو (C) ٹھنڈی ہوا کو (D) بادل کے سائے کو

(6) کسان قدرت کے جلوے کا ہے۔ (A) نباض (B) گواہ (C) مداح (D) شاہد

(7) روح کو محبت کا مزہ ملتا ہے۔ (A) دل کی ہمسائیگی میں (B) ہجر و فراق میں (C) وصال میں (D) تنہائی اور یکسوئی میں

(8) " مومن " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) لقب (B) خطاب (C) تخلص (D) عرف

(9) " گھر " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) ظرفِ مکاں (B) ظرفِ زماں (C) اسمِ معرفہ (D) اسمِ صوت

(10) " ڈاک خانہ " گرامر کی رو سے ہے۔ (A) ظرفِ مکاں (B) ظرفِ زماں (C) دفتر (D) اسمِ مکبر

(11) درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ (A) حَسَاب (B) حَسّاب (C) حِساب (D) حَسَاَب

(12) درست تلفظ کی نشان دہی کریں۔ (A) مَدْرَسَہ (B) مِدَرسَہ (C) مَدْرَّسَہ (D) مِدْرِسَہ

(13) محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا احمد سعید پر تنقید کی۔ (A) ڈاکٹر تاثیر نے (B) پطرس بخاری نے (C) فیض احمد فیض نے (D) حمید احمد خاں نے

(14) مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں۔ (A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

(15) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا۔ (A) روپیا پیسا (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

eduvision.edu.pk

(7)

# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

16-3-17

## OBJECTIVE KEY FOR S.S.C (10th/) Annual Examination, 2017.

Name of Subject: اردو

Session: 2016-17 ([illegible])

Group: 1st

| Q. Nos. | Paper Code 9021 | Paper Code 9023 | Paper Code 9025 | Paper Code 9027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | B | B | B | A |
| 2. | D | B | C | D |
| 3. | A | A | C | A |
| 4. | A | C | B | B |
| 5. | D | B | D | C |
| 6. | A | D | B | C |
| 7. | B | A | B | B |
| 8. | C | A | A | D |
| 9. | C | D | C | B |
| 10. | B | A | B | B |
| 11. | D | B | D | A |
| 12. | B | C | A | C |
| 13. | B | C | A | B |
| 14. | A | B | D | D |
| 15. | C | D | A | A |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

Group: 2nd

| Q. Nos. | Paper Code 9022 | Paper Code 9024 | Paper Code 9026 | Paper Code 9028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | C | C | A |
| 2. | B | B | A | C |
| 3. | D | D | D | A |
| 4. | C | A | C | C |
| 5. | A | D | B | B |
| 6. | D | A | D | D |
| 7. | C | A | A | C |
| 8. | B | C | D | A |
| 9. | D | A | A | D |
| 10. | A | C | A | C |
| 11. | D | B | C | B |
| 12. | A | D | A | D |
| 13. | A | C | C | A |
| 14. | C | A | B | D |
| 15. | A | D | D | A |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

eduvision.edu.pk